وفاق المدارس العربیہ کا احسن اقدام

شیخ الحدیث مولانا مفتی محمد زرولی خان صاحب
مدیر جامعہ عربیہ احسن العلوم، کراچی

ملک کے زلزلہ زدہ علاقوں میں جس سبق آموز اور طوفانی قیامت کے احوال ٹوٹے ہیں وہ سب کے لئے پند ونصیحت اور مقام عبرت ہے قرآن کریم میں بنی اسرائیل کو اعمال کی سزا جب دے دی گئی تو ارشاد فرمایا: فجعلنٰها نكالا لما بين يديها وما خلفها وموعظة للمتقين کہ ہم نے انہیں موجود لوگوں کے لئے اور بعد میں آنے والوں کے لئے عبرت بنایا اور اس میں پند ونصیحت تھی پرہیزگاروں کے لئے۔

زلزلے جن مقامات پر آچکے ہیں، وہ تو یقیناً سبق آموز ہیں لیکن جہاں نہیں آئے ہیں ان کے لئے بھی خدا کے عذاب سے ڈرنا اور سامان تقویٰ پیدا کرنا ضروری ہے۔ زلزلے کیوں آتے ہیں مادی وجوہات پر کلام کرنا دنیا کا کام ہے، مگر ان کا آنا اسباب معاصی اور شدائد اعمال اور دیگر منکرات کا ارتکاب کرنا ہے یہ اہل شرائع کا متفق موقف ہے، اور زلازل سے بچنے کا ذریعہ صرف اور صرف حق تعالیٰ شانہ کو راضی رکھنا اور اس کی نافرمانی سے ڈرتے رہنا۔ سورۃ حج کی پہلی آیت میں یہی مسئلہ بیان ہوا ہے۔ بلاشبہ مسلمانان عالم کے لئے بالعموم اور مسلمانان پاکستان کے لئے بالخصوص سبق اور عبرت کا مقام ہے جو علاقے آنکھ جھپکنے میں دھن پھنس کر مٹی کے ڈھیر بن چکے ہیں۔ امن وسکون کے بلاد اور وہاں کے خوش وخرم عباد بھی کان کھول لیں اور دل ودماغ سے مقام عبرت سے فکر ونصیحت حاصل کریں کہ کہیں اس جیسا ماحول شدائد زلازل کا وہ شکار نہ ہو جائیں۔

اللهم انا نعوذبك من عذابك وغضبك وشرّ بلادك وفتن عبادك يا ارحم الراحمين○

دنیا بھر کے انسانوں نے اور عالم اسلام کے مسلمانوں نے اور پاکستان کے مختلف اطراف واکناف کے بہی خواہوں نے اس پر جودست تعاون بڑھایا اور دل کھول کر مدد ونصرت کی اور حالات کی پروا کئے بغیر ان غمگساروں تک پہنچنے کی کوشش کی اور ہر طرح ان کی مدد کو پہنچانے اور ان کے دکھ درد کا مداوا بننے کی سعی کی وہ ایک مثالی اقدام ہے۔

پاکستان میں اہل حق کے مدارس اور جامعات کی نمائندہ تنظیم وفاق المدارس العربیہ پاکستان نے بھی اپنے مقتدر علماء اور ارکان کے ایک مؤقر وفد کے ساتھ وہاں کے مہم اور اہم مدارس اور جامعات کے طوفانی دورے فرمائے ہیں ۲۰ شوال بروز جمعرات مظفر آباد کشمیر میں اس کے آخری اجلاس پر اس کا اختتام بالخیر ہوا۔ وفاق کے صدر جو اس وقت صدر

العلماء والاولیاء کا مقام رکھتے ہیں شیخ الحدیث حضرت مولانا سلیم اللہ خان دامت برکاتہم العالیہ اور وفاق کے ناظم اعلیٰ محترم ومکرم قاری محمد حنیف صاحب جالندھری اور ملک کے کبارِ محدثین، اجلہ مفسرین، اساتذہ، مفتیین اور دیگر لائق وفائق منتظمین ومدرسین کی ایک معتدبہ جماعت وفاق کے نمائندگی کرتے ہوئے وہاں کے مسلمانوں کا دکھ درد جاننے کے لئے اور ان کو بھرپور علمی، عملی اور تعمیری تعاون اور مدد صحیح خطوط پر پہنچانے کے لئے خود تشریف لے گئے۔ اس عاجز اور فقیر کو بھی تمام اجلاسات میں اور تمام جگہوں میں ساتھ رہنے کے لئے ارشاد فرمایا تھا لیکن کئی وجوہ اور افتادگی طبع کے پیش نظر اس عاجز نے صرف آخری اجلاس مظفرآباد کشمیر میں شرکت کی۔ جسے وفاق المدارس کے اہل انتظام وانصرام نے بڑی خیر وخوبی سے تکمیل تک پہنچایا۔ حق تعالیٰ شانہ ان بزرگانِ دین، اکابرین ملت، راسخینِ علم اور باکردار حضرات کے ان مبارک قدموں کو اور سعی جمیل کو حق کی سربلندی کے لئے اور وفاق کی شایانِ شان ترجمانی کے لئے اور وہاں کے مسلمانوں کی بروقت درست نمائندگی کرنے کے لئے اور مستقبل میں ان کو بہتر تعلیم اور حیات نو اور آبادیٔ عزوشرف کے نقش پر چلانے کے لئے ان کی کاوشیں، ان کی سعی جمیل اور ان کی دن رات کی یہ محنت مسلسلہ قبول ومقبول فرمائے اور وقتاً فوقتاً آنے والے زلزلے حق تعالیٰ ہمیشہ کے لئے روک لے۔

مہتمم حضرات، پرنسپل صاحبان اور اساتذۂ کرام کے لئے خوش خبری

★ ہر مہتمم اور استاد کی کوشش اور دعا ہوتی ہے کہ اس کے ادارہ کے طلبہ وطالبات اپنا وقت قیمتی بنائیں اور مطالعہ، تکرار، ہوم ورک، واجب المنزل اہتمام سے کریں۔ اس مقصد کے لئے ایک بہترین کتاب **مطالعہ کی اہمیت** تیار کی گئی ہے، جس کے بارے میں حضرت مفتی نظام الدین شہید رحمہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے: ''ان شاء اللہ اس کتاب کو پڑھ کر اساتذہ وطلباء کو مطالعہ کرنے کا شوق پیدا ہوگا۔ بندہ علماء کرام وطالبان علم سے خصوصی درخواست کرتا ہے کہ اس کتاب کا مطالعہ ایک بار ضرور کریں، اگرچہ کتاب اس کی مستحق ہے کہ اس کا مطالعہ بار بار کیا جائے۔''

★ اسی طرح طلبہ کو اپنے اسلاف اور اکابر کے واقعات بتلا کر ان کے اندر صفاتِ حمیدہ پیدا کرنے کی خواہش ہر مہتمم اور استاد کی ہوتی ہے اس کے لئے صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم اور تابعین کرام رحمہم اللہ تعالیٰ کے واقعات کو **صحابہؓ کے واقعات** اور **تابعینؒ کے واقعات** کے نام سے نہایت ہی آسان اردو میں اور دل نشین انداز میں پیش کیا گیا ہے۔ یہ دونوں کتابیں بھی ان شاء اللہ طلبہ وطالبات کی تربیت کے لئے مفید رہیں گی۔

ملنے کا پتہ: اسٹاکسٹ مکتبہ بیت العلم G-30 اسٹوڈنٹ بازار، اردو بازار کراچی۔
فون: 2726509، موبائل: 03008213802
ناشر دار الھدیٰ

یہ تمام کتابیں ہم سے براہ راست طلب فرمائیں
یا
کسی بھی معیاری کتب خانہ سے رجوع فرمائیں